واسطی تیری خراج کو بنابر اسکی کہ کر دوانی تو درمیان ہمارے اور درمیان اونکی دیوار کو کہا ذوالقرنین نی

مَا مَكَّنِّي فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ

وہ چیز کہ قدرت دی مجھی بیچ اوسکی رب میری نی بہتر ہی پس مدد کرو میری ساتھ مزدوری کی کر دونگا مین

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ۝ آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ

درمیان تمہاری اور درمیان اونکی مانع بزرگ دو تم مجھی ٹکڑی لوہی کی

حَتَّىٰ إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوا حَتَّىٰ إِذَا

تا اینکہ جسوقت برابر کیا درمیان دونو جانب کی کہا ذوالقرنین نی کہ پہونکو تا اینکہ جسوقت کیا

جَعَلَهُ نَارًا قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ۝ فَمَا اسْطَاعُوا

کر دیا اوسی آہن کو مانند آگ کی کہا کہ دو مجھی مس گدازیدہ کہ دالون مین اوپر اوسکی مس پس نہین طاقت پائی

أَنْ يَظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ۝ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ

یہ کہ اوپر جاوین بالائی سد کی اور نہ طاقت پائی نکلنی اور نکی سوراخ کرنیکی کہا ذوالقرنین نی یہ رحمت ہی

مِنْ رَبِّي فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ وَكَانَ

رب میری سی پس جسوقت کہ آویگا وعدہ رب میری کا کر دالیگا اوسکو ریزہ ریزہ اور ہی

وَعْدُ رَبِّي حَقًّا ۝ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ

وعدہ رب میری کا راست منع کرینگی ہم بعضی انکی کو روز آخر مین کہ داخل ہو بعض بیچ بعض کی

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا ۝ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ

اور دمیدہ ہوگی بیچ صور کی پس جمع کرینگی ہم اونکو اور ظاہر کرینگی ہم جہنم کو

يَوْمَئِذٍ لِلْكَافِرِينَ عَرْضًا ۝ الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ

اوس دن واسطی کافروں کی بکمال ظہور کی وہ کافر کہ تہین آنکہین اون کی

فِي غِطَاءٍ عَنْ ذِكْرِي وَكَانُوا لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا ۝

بیچ پردہ کی ذکر میری سی اور ہین وہ جماعت کہ طاقت نہین رکہتی ہین سننی کے

قولہ یسئلونک عن ذی القرنین ذی القرنین مین بہت اختلاف ہی اکثر مفسر کہتی ہین کہ سکندر رومی تہا بعضی نی فارس سی نسبت دی ہی حضرت امیر المومنین علیہ السلام نی فرمایا کہ ذی القرنین اہل روم سی ہی اور نام اوسکا عیاش تہا اور بندہ صالح نبی کہ خدا نی حکم اوسکا درمیان ناحیہ مغرب جاری کیا تہا اور قرنہای گذشتہ مین مبعوث ہوا تہا اہل اوس قرن نی اوسکی تکذیب کی اور داہنی طرف سرکی اوسکی ضرب شمشیر کی ماری تہی اوسی ضرب سی وہ مرگیا بعد سو برس کی پہر خدا نی اوسکو زندہ کیا اور ناحیہ مشرق پر مبعوث کیا اہل اوس قرن نی بہی اوسکو جہوٹہا جانا اور ضرب شمشیر کی اوسکی بائین طرف سرکی ماری کہ اوسی وہ وفات کرگیا بعد سو برس کی پہر حقتعالی نی زندہ کیا اور بجائی دو ضربت کی دو شاخ درمیان خالی دونو طرف سرکی پیدا کیا کہ وہ نشانہای نبوت اوسکی کی تہی چنانچہ اون دو شاخ سی تاریکی و رعد اور برق ظاہر ہوتی تہی جو شخص اوسکی مخالفت کرتا تہا اوسکو ہلاک کرتا تہا اور حدیثین کئی وجہ سی اس باب مین منقول ہین

بسبب اختصار کی نہین لکہا احوال سیر ظلمات اور چشمہ حیات وغیرہ کا کتاب [illegible]
مین لکہا ہی مثل حیات القلوب وغیرہ کی جو چاہی دیکہی قولہ تعالی وجدہا تغرب فی
عین حمئة یعنی پایا آفتاب کو کہ غروب ہوتا تہا بیچ چشمی کی کہ آب اوسکا
مخلوط بگل سیاہ تہا یعنی حمئة کی گل سیاہ کی ہین اور بعضی قاریون نی حامیہ
پڑہا ہی یعنی حارہ کی اور جابر نی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی روایت کی ہی
کہ حضرت امیر المومنین صلوات اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا کہ غروب ہوتا ہی شمس بیچ چشمی
حامیہ کی اوس دریا مین کہ قریب ہی اوس شہر سی کہ متصل ہی مغرب سی اور مراد
اوس سی شہر جابلقا ہی قولہ تعالی حتی اذا بلغ مطلع الشمس یعنی جسوقت پہنچی اوس
موضع مین کہ اول طلوع آفتاب اوس جگہہ پر تہا ابن بابویہ رضی اللہ عنہ نی کتاب
کمال الدین تمام النعمة مین اور محمد بن مسعود عیاشی نی تفسیر اپنی مین روایت
کی ہی کہ ایک شخص نی بنی اسد سی حضرت امیر المومنین علیہ السلام سی کہا کہ
کس قسم ذو القرنین نی قدرت جانی مشرق اور مغرب کی حاصل کی تہی حضرت نی
جواب مین فرمایا کہ حقتعالی نی ابر کو مسخر اوسکا کیا تہا کہ جس جگہہ چاہیں ابر اون کو
وہان لیجاوی اور تابع کیا تہا نور کو اس حیثیت سی کہ شب اور روز نزدیک اونکی
یکسان تہی اور شب مانند روز کی روشن ہو جاتی تہی قولہ تعالی ان یاجوج وماجوج
مفسدون فی الارض یعنی تحقیق کہ قوم یاجوج اور ماجوج فساد کرتی ہین
تفسیر عیاشی مین جناب امیر المومنین علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ
اونہین لوگون نی کہ ای ذو القرنین یاجوج اور ماجوج کہ پشت ان دو کوہ کی ہین

فساد کرتی ہین ہمارے ملک مین کی اس طرح سی کہ جب وقت قطع زراعت کا پہنچتا ہی ثمرات
زراعت ہماری کو کہا لیتی ہین اور اصلا ہماری کہانی کی واسطی نہین چہوڑتی ہین پس
آیا تجہکو کہ دین ہم واسطی تیری خراج ہر سال مین بنابر اسکی کہ درمیان ہماری اور انکی
سد بنا دی کہ مانع انکی آنی سی ہو پس ذو القرنین نی اوس قوم سی ٹکری لوہی کی طلب کی
اون لوگون نی حاضر کیا درمیان دو طرف اوس پہاڑون کی لوہی کو تلی اوپر
رکہہ یا جب برابر ہوا حکم دیا کہ اوسکو آگ سی گرم کرین جب خوب گرم ہوا تب تانبا
پکہلایا ہوا اوس پر ڈالا کہ سب ملگیا مانند دیوار سخت کی ہوگیا کہ اوسکو توڑ نہین سکتی
ہین مگر جب وعدہ ہوگا پروردگار کا قیامت کو اوس سد کو ٹکری ٹکری کریگی اور
کتاب علل الشرائع مین علی بن محمد علیہ السلام سی روایت ہی کہ جمیع ترک اور صقالبہ
اور یاجوج اور ماجوج وغیرہ سب فرزندان یافث بن نوح علیہ السلام ہین اور
روضہ کافی مین روایت کی ہی کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام سی سوال کیا
حقیقت مخلوقات سی حضرت نی فرمایا کہ یاد رکہہ دو سی مخلوق خشکی مین اور دو سی
مخلوق دریا مین پیدا ہوئی ہین اور بنی آدم ہفتاد جنس ہین اور ناس سب اولاد
آدم سی مگر یاجوج اور ماجوج کہ وہ جملہ ناس سی نہین ہین ہر چند کہ بنی آدم ہین اور
تفسیر علی بن ابراہیم مین حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ کوئی یاجوج
اور ماجوج سی نہین مرتا ہی مگر یہہ کہ صلب اوسکی سی ہزار فرزند پیدا ہوتی ہین
اور بعد اوسکی فرمایا کہ بیشتر مخلوقات یاجوج اور ماجوج ہین کہ بعد ملائکہ مخلوق
ہوئی ہین قولہ تعالی وکانوا لا یستطیعون سمعا یعنی یہہ تہی جماعت کہ طاقت نہین

رکہتی ہیں سنتی ذکر میری کی عیون اخبار الرضا میں ابو الصلت ہروی سی روایت کی ہی کہ
ایک روز مامون رشید نی تفسیر آیۃ الذین کانت اعینہم فی غطاء عن ذکری
کی حضرت امام رضا علیہ السلام سی سوال کیا حضرت نی فرمایا کہ ذکر خدا [illegible]
جاتا لیکن حقتعالی نی مشابہت دی ہی منکرین ولایت امیر المومنین علیہ السلام کو
ساتہہ نابیناون کی کہ مرتضی علیہ السلام کو اور ستر ہین ولایت اونحضرت کو
نہیں دیکہہ سکتی اور گران ہوتا ہی اونپر کہنا پیغمبر کا تعریف امیر المومنین علیہ السلام
کو اور تاب سننی اوسکی کی نہیں لاتی ہیں بعد اسکی مامون رشید نی کہا کہ خوشحال کیا
تو نی مجہی حقتعالی تجہی خوشحال کری بنابر اسکی مراد ذکر سی علی مرتضی اور ولایت
اونحضرت کی ہی تکملہ زبینات کو ع دوم قولہ جزاء الحسنی در حرف ہیں
اوسکی ایک سی کہتر ہوتی ہیں اور بینات اوسکی چار سی تیس ہوتی ہیں
مجموع اونہیں دونو کا چہہ سی ایک ہوتا ہی نکلی اوس سی یہہ عبارت

ہی ولاء اہل البیت حبہم محلہم

افحسب الذین کفروا ان یتخذوا عبادی من دونی
ایا گمان کرتی ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئی ہیں یہہ کہ لیوین بندگان میری کو سوائی میری
اولیاء انا اعتدنا جہنم للکافرین نزلا ٥
دوست نفع پہنچانی والی بدرستیکہ ہمنی مہیا کیا ہی جہنم کو واسطی کافرون کی جائی دل
قل ہل ننبئکم بالاخسرین اعمالا ٥ الذین ضل
کہہ تو ای محمد آیا خبر کرین ہم تمکو ساتہہ زیانکارترین مردمان کی ازروی عمل کی وہ لوگ کہ ضایع ہوئی

سعیہم فی الحیوۃ الدنیا وہم یحسبون انہم یحسنون
سعی اونکی بیچ حیات دنیا کی اور وہ گمان کرتی ہیں ساتہہ اسکی کہ وہ نیک کرتی ہیں
صنعا ٥ اولئک الذین کفروا بایات ربہم ولقائہ
کام کو یہہ گروہ وہ لوگ ہیں کہ کافر ہوئی ساتہہ آیات رب اپنی کی اور ملاقات اوسکی کی
فحبطت اعمالہم فلا نقیم لہم یوم القیامۃ وزنا ٥
پس باطل ہوئی اعمال اونکی پس نہیں کرینگی ہم واسطی اونکی روز قیامت میں کچہہ قدر اور وزن
ذلک جزاؤہم جہنم بما کفروا واتخذوا ایاتی ورسلی
یہہ جزا اونکی ہی کہ جہنم میں ہیں بسبب اس چیز کی کہ کافر ہوئی اور لیا آیات ہماری اور رسولوں ہماری کو
ہزوا ٥ ان الذین امنوا وعملوا الصالحات کانت لہم
ہنسی میں بدرستیکہ وہ لوگ ایمان لائی ہیں اور عمل کرتی ہیں نیک ہیں واسطی اونکی
جنات الفردوس نزلا ٥ خالدین فیہا لا یبغون عنہا
باغہای عالیہ ازروی منزلت کی درحالیکہ ہمیشہ رہنی والی ہیں بیچ اوسکی طلب نہین کرینگی اوس جگہہ سی
حولا ٥ قل لو کان البحر مدادا لکلمات ربی
انتقال کی جگہہ کو کہہ تو ای محمد اگر ہو دریا روشنائی واسطی کلمات رب میری کی
لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی ولو جئنا
ہر آئینہ تمام ہو جاوی دریا قبل اسکی کہ تمام ہو کلمات پروردگار اپنی کی و اگر لاوین ہم
بمثلہ مددا ٥ قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما
مثل اسی دریا کی مدد کو کہہ تو ای محمد کہ نہیں میں مگر آدمی مثل تمہاری کی وحی کیجاتی ہی طرف میری [illegible]

إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ
الله تمہارا اگر الله واحد ہے پس جو شخص کہ ہو امیدوار ملاقات رب اپنے کا پس چاہیے کہ بجا لاوے
عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا
عمل نیک اور نہ شریک لاوے ساتھ عبادت رب اپنے کی کسی ایک کو
قوله ع وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت
ابی جعفر الباقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ مراد گمان کرنیوالوں سے نصاری
ہیں اور قسیسین اور رہبان کہ یہہ علماے یہود اور نصاری کے ہیں اور شبہہ کرنیوالے
ہیں صاحبان خواہش اہل قبلہ سے اور خوارج نہروان ہیں چنانچہ تفسیر عیاشی میں
جناب امیر علیہ السلام سے روایت ہے کہ یہہ گروہ ایسے ہیں اہل کتاب سے کہ کفر کیا انہوں
نے ساتھ پروردگار اپنے کے اور بدعت کی انہوں نے بیچ دین اپنے کے پس
باطل ہوے اعمال انکے اور بعضے ہیں اہل نہروان کوئی انمیں سے
سعید قوله ع وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا تفسیر عیاشی
میں علا ابن فضیل نے حضرت صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے تفسیر اس آیہ کی
فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا
کہ حضرت سے پوچھا میں نے تو فرمایا کہ جو کوئی نماز پڑہے اور روزہ رکھے اور بندہ آزاد کرے اور
حج اسلام کو بجا لاوے اور لیکن مطلب اس عبادات سے یہہ ہو کہ لوگ اس شخص کو
بہتر جانیں پس اس ارادہ سے شرک ملایا اپنے عمل میں لیکن یہہ شرک کرنیوالا بخشا جاوے
اور خدا تعالی نے جس شرک کا وعدہ کیا ہے کہ نہیں بخشونگا میں شرک کرنیوالے کو

وہ شرک جلی ہے مثل بت پرستی وغیرہ کے اور دوسری حدیث میں صادق علیہ السلام نے
فرمایا کہ شرک وہ ہے کہ ولایت اور محبت آل محمد صلی الله علیہ وآلہم اجمعین میں
دوسرے کو شریک کرنا اور مراد عبادت سے دوستی ائمہ کی ہے علیہم السلام
کی ہے اور حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شرک عبادت میں وہ ہے کہ دوسرے سے
نماز وغیرہ میں اعانت اور مدد طلب کرے حتی کہ وضو کی واسطے دوسرے شخص سے
پانی طلب کرے لیکن بہتر وہ ہے کہ وضو میں دوسرا کوئی پانی ڈالتا جاے تکملہ
زبر و بینات کو ع سوم قوله ع إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا بارہ حرف ہیں بینات اوسکی بینات سے
اڑتیس ہوتی ہیں نکلی اوس سے یہہ عبارت هَٰؤُلَاءِ عَلَى الْأَئِمَّةِ الصَّادِقُونَ

آيَاتُهَا ۹۸ كَمَالُهَا بِسُورَةِ مَرْيَمَ عَلَيْهَا السَّلَامُ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ رُكُوعَاتُهَا ۶
سورہ مریم علیہا السلام مکہ میں اوتری

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام خدا بڑے مہربان بخشش کرنیوالے کے
كهيعص ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا ۝ إِذْ نَادَىٰ
یہہ ذکر رحمت رب تیرے کا ہے کہ دعا کی بندہ اسکے زکریا نے جس وقت کہ ندا کی
رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّي وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ
رب اپنے کو ندا آہستہ کہا زکریا نے کہ اے رب میرے بتحقیق سست ہوئیں ہڈیاں مجہسے اور سفید ہوا سر
شَيْبًا وَلَمْ أَكُن بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَإِنِّي خِفْتُ الْمَوَالِيَ
از روے پیری کے اور نہتا میں قبل اسکے ساتہہ دعا تیری کے اے پروردگار محروم اور بتحقیق میں خوف کرتا ہوں

مِن قَبْلِی وَكَانَتِ امْرَاَتِي عَاقِرًا فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا ۝

بعد میری سی اور ہی زن میری نازایندہ پس دی مجھکو نزدیک اپنی سی فرزند

يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝

کہ وہی وارث ہو میرا اور ہو وارث فرزندان یعقوب سی اور کر اوسکو اسی پروردگار میری پسندیدہ

يَا زَكَرِيَّا إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَىٰ لَمْ نَجْعَل لَّهُ

اسی زکریا بدرستیکہ ہم بشارت دیتے ہین تجھکو ساتھ فرزند کی کہ نام اوسکا یحیی ہی نہین گردانا ہمنی واسطی اوسکی

مِن قَبْلُ سَمِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَكَانَتِ امْرَأَتِي

قبل اوسکی ہمنام کہا زکریا نی اسی پروردگار میری کسطرح ہوسکیگا واسطی میری فرزند حالانکہ زن میری

عَاقِرًا وَقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝ قَالَ كَذَٰلِكَ

نازایندہ اور تحقیق پہنچا مین پیری سے خشکی اعضا کو کہا حق تعالی نی اسی طرح ہی

قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِن قَبْلُ وَلَمْ تَكُ

کہا پروردگار تیری نی کہ یہ پیدا کرنا اوپر میری آسان ہے اور تحقیق پیدا کیا مینی تجھکو قبل اسکی اور نہ تہا تو

شَيْئًا ۝ قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّي آيَةً قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ

کوئی چیز کہا زکریا نی اسی پروردگار کر واسطی میری ایک نشانی کہا خدا نی نشانی تیری یہہ ہی کہ نہ کلام کریگا تو

النَّاسَ ثَلَاثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝ فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِ مِنَ الْمِحْرَابِ

ساتھ آدمیونکی تین شبانہ روز برابر پس باہر ہوئی زکریا اوپر قوم اپنی کی معبد سے

فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ أَن سَبِّحُوا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ۝ يَا يَحْيَىٰ خُذِ

پس اشارہ کیا طرف اونکی یہ کہ تسبیح پڑہو تم صبح کو اور شام کو اسی یحیی لی

الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ وَآتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝ وَحَنَانًا مِّن لَّدُنَّا

کتاب توریت کو ساتھ کوشش تمام اور دیا ہمنی اوسکو نبوت کو حالت کودکی مین اور دیا مہربانی کو نزدیک اپنی سی

وَزَكَاةً وَكَانَ تَقِيًّا ۝ وَبَرًّا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُن جَبَّارًا عَصِيًّا

اور دیا ہمنی طہارت کو اور تہا یحیی پرہیزگار اور نیکی کنندہ ساتھ والدین اپنی اور نہ تہا سرکش اور عصیان کنندہ

ع وَسَلَامٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝

اور سلام ہمارا ہو اوپر اوسکی اوس روز کہ پیدا ہوا اور اوس روز کہ مریگا اور اوس روز کہ اوٹہایا جاوےگا زندہ

قولہ کہیعص علی بن ابراہیم نی حضرت صادق علیہ السلام سی روایت
کی ہی کہ کہیعص معنی اس عبارت کی ہین هُوَ الْكَافِي الْهَادِي الْعَالِمُ
الصَّادِقُ ذُو الْأَيَادِي الْعِظَامِ اور کتاب احتجاج مین حجت خدا محمد مہدی
صلواۃ اللہ علیہ سی روایت کی ہی کہ اوحضرت نی فرمایا کہ کاف اسم کربلا اور
ہا ہلاکت عترت اور یا یزید علیہ اللعنۃ کہ وہ ظلم کنندہ حسین ہی اور عین عطش اور
تشنگی اونکی ہی اور صاد صبر حسین ہی اور یہی فرمایا ہی کہ جسوقت زکریا نام سید
الشہدا علیہ السلام لیتی تہی حزن اور گریہ اونپر غالب ہوتا تہا حقتعالی سی سبب
اسکا استفسار کیا تہا حقتعالی نی واسطی اونکی کلمہ کہیعص کہا تا یہہ حروف اشارہ
بشہادت حضرت امام حسین ہون اور بعد اوسکی زکریا نی واہب العطایا سی درخواست
ایک فرزند کی کی او مبتلا ہونا مصیبت اوسکی مین مستدعی اور خواہان ہوئی جس
طرح سی بہترین خلق خدا احمد مصطفی اور علی مرتضی اور فاطمہ زہرا علیہم السلام مصیبت
اوحضرت مین گرفتار ہوئی تہی بنابر اسکی حقتعالی نی یحیی کو عطا کیا کہ شربت مصیبت

کو اوسی پکہنایا اور مدت حمل اونکی اور حضرت سید الشہدا کی تہا بعینہ قولہٗ ذِکرُ
رَحمَتِ رَبِّکَ عَبدَهُ زَکَرِیّا خبر مبتدا محذوف ہی ای فیما یُتلیٰ
عَلَیکَ ذِکرُ رَحمَتِ رَبِّکَ قولہٗ اِذ نادیٰ رَبَّهُ نِداءً خَفِیّاً یعنی جبوقت
ندا کی زکریا نی پروردگار اپنی کو بندا می پوشیدہ اسوسطی کہ اخفاء دعا مین
باعث قریب تری اجابت کی ہی اور بیچ حدیث کی وارد ہی خَیرُ الدُّعاءِ الخَفِیُّ وَخَیرُ
الرِّزقِ ما یَکفی بہترین دعا مخفی اور بہترین رزق بقدر کفایت ہی اور
دعا زکریا کی یہہ تہی کہ قالَ رَبِّ اِنّی وَهَنَ العَظمُ مِنّی قولہٗ وَلَم اَکُن بِدُعائِکَ
رَبِّ شَقِیّاً یعنی تہا مین قبل اسکی ساتہہ دعا تیری کی ای رب بیری محروم اور
بی بہرہ پس امیدوار ہوتا ہون کہ بعد اسکی بہی اجابت دعا اپنی سی بی بہرہ نہون
قولہٗ وَاِنّی خِفتُ المَوالِیَ اگرچہ لفظ خفت کی اور لفظ کانت کی بصیغہ ماضی
ہین لیکن مراد اوس سی حال اور استقبال ہی اور کبہی ماضی ارادہ کرتی ہین اور
استقبال مراد ہوتا ہی قولہٗ بِغُلامٍ اسمُهُ یَحییٰ یعنی ای زکریا ہم تجکو بشارت
دیتی ہین ساتہہ ایک فرزند کی کہ نام اوسکا یحیی ہی اور بعضون نی کہا ہی
کہ یحیی مشتق احیا سی ہی یعنی زندہ رکہنی والا ام پدر اور دین کا ہی لیکن
فخر الدین رازی نی بعد نقل ان وجہون کی کہا ہی بدرستیکہ یہہ وجوہ ضعیف ہین
اسوسطی کہ اسماء القاب مین وجہ اشتقاق مطلوب نہین ہوتی قولہٗ خُذِ
الکِتابَ بِقُوَّةٍ اس جگہہ مقدمہ چند محذوف ہین اور تقدیر کلام اسطرح کی
ہی کہ بعد یحیی کی عطا کرنی عقل و فہم اونکی کہا ہمنی اوسکو کہ ای یحیی

کی کتاب توریت کو ساتہہ کوشش تمام کی اور دیا ہمنی یحیی کو نبوت در حالت کودکی
ابن عباس سی منقول ہی کہ یحیی سن سہ سالگی مین مرتبہ نبوت کو پہنچی علی ابن ابراہیم
نی لکہا ہی کہ حضرت جواد یعنی حضرت محمد تقی علیہ السلام سن نہ سالگی مین کمال عقل اور
ذکا کو پہنچی اور امامت حاصل ہوئی اور اس امر مین مثل تہا کہ اوحضرت نی نود
امامت سی قبل پیری کو دریافت کیا فرمایا کہ حق سبحانہ و تعالی اخذ امامت کرتا ہی
اوس طریق پر کہ اخذ نبوت کیا ہی اور اس آیہ کو تلاوت فرمائی وَآتَیناهُ الحُکمَ
صَبِیّاً بعد اسکی ارشاد کیا کہ ذٰلِکَ فَضلُ اللّٰهِ یُؤتِیهِ مَن یَشاءُ یہہ ہی فضل
اللہ کا دیتا ہی جس شخص کو کہ چاہتا ہی وَسَلامٌ عَلَیهِ یَومَ وُلِدَ وَیَومَ یَموتُ
وَیَومَ یُبعَثُ حَیّاً عیون اخبار الرضا علیہ السلام مین یاسر خادم سی روایت ہی کہ اوسنی کہا
کہ سنا مینی حضرت امام رضا علیہ السلام سی کہ فرماتی تہی کہ خلایق پر تین موضع بہت
دہشتناک ہین ایک وہ روز کہ شکم مادر سی باہر آتا ہی اور نظر اوسکی پر دنیا
پڑتی ہی اور دوسرا وہ روز ہی کہ مرتا ہی اور اہل آخرت کو دیکہتا ہی اور تیسرا
وہ روز ہی کہ زندہ ہوتا ہی قیامت مین اور مشاہدہ کرتا ہی چند اشیا کو کہ
ہرگز دار دنیا مین مثل اونکی نہین دیکہا تہا پس بتحقیق کہ حقتعالی نی یحیی کو
ان تینون موضع مین سلامتی نفس کی عطا کی اور بعد اسکی اس آیہ کریمہ کو تلاوت
کیا سَلامٌ عَلَیهِ تکملہ بر مبنیات کوع چہارم قولہٗ لَم نَجعَل لَهُ مِن قَبلُ سَمِیّاً ستر
حرف ہین مبنیات اوسکی سات سی نوی ہوتی ہین نکلی اوس سی یہہ عبارت
الحُسَینُ بنُ عَلِیٍّ هُوَ نائِبُ اَحمَدَ حَقّاً وَیَحییٰ ابنُ زَکَرِیّا

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا

اور یاد کر ای محمد بیچ قرآن کی قصہ مریم کو جس وقت کہ گوشہ نشینی کی اہل اپنی سی جا لیکر وہ مکان

شَرْقِيًّا ۝ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُونِهِمْ حِجَابًا فَأَرْسَلْنَا إِلَيْهَا

جانب شرق مین تھا پس لیا مریم نی ورے انکی ایک پردہ پس بھیجا ہمنی طرف اوسکی

رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ۝ قَالَتْ إِنِّي أَعُوذُ بِالرَّحْمَٰنِ

جبرئیل کو پس شکل ہوا واسطی مریم کی بشر ٹھیک کہا مریم نی مین پناہ مانگتی ہون ساتھہ رحمن کی

مِنْكَ إِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ۝ قَالَ إِنَّمَا أَنَا رَسُولُ رَبِّكِ

اگر ہو تو پرہیزگار کہا جبرئیل نی نہیں ہون مین مگر بھیجا ہوا رب تیری کا

لِأَهَبَ لَكِ غُلَامًا زَكِيًّا ۝ قَالَتْ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ

دون مین واسطی تیری فرزند پاکیزہ کہا مریم نی کس طرح ہوگا واسطی میری فرزند

وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا ۝ قَالَ كَذَٰلِكِ

اور حالانکہ مس نہیں کیا مجھکو کسی آدمی نی اور نہیں ہون مین زناکار کہا جبرئیل نی اسطرح ہی

ربع

قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهُ آيَةً لِلنَّاسِ وَرَحْمَةً

کہا پروردگار تیری نی یہہ کام اوپر میرے آسان ہی اور تا کہ کریں ہم اوسکو نشانی واسطی آدمیون کی اور رحمت

مِنَّا ۚ وَكَانَ أَمْرًا مَقْضِيًّا ۝ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهِ

نزدیک اپنی سی اور خلق کی اور ہی یہہ امر مقرر کیا گیا پس حاملہ ہوئی مریم ساتھہ عیسی کی پس کنارہ کیا ساتھہ اوسکی

مَكَانًا قَصِيًّا ۝ فَأَجَاءَهَا الْمَخَاضُ إِلَىٰ جِذْعِ النَّخْلَةِ

مکان دور مین پس لایا اوسکو درد زہ طرف درخت خرما کی

قَالَتْ يَا لَيْتَنِي مِتُّ قَبْلَ هَٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا ۝

کہا مریم نی ای کاشکی مرگئی ہوتی قبل اسکی اور ہوتی مین قابل فراموشی کی

فَنَادَاهَا مِنْ تَحْتِهَا أَلَّا تَحْزَنِي قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ

پس ندا کی عیسی نی اوسکو نیچی سی دامن کی کہ نہ غم کھا تحقیق کر دیا رب تیری نی نیچی قدم تیری کی

سَرِيًّا ۝ وَهُزِّي إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ

نہر پانی کی اور کھینچ طرف اپنی ڈالی خرما کو تا کہ گری اوپر تیری

رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِي وَاشْرَبِي وَقَرِّي عَيْنًا ۖ فَإِمَّا تَرَيِنَّ

خرما تر و تازہ پس کھا اور پی تو اور روشن کر چشم کو فرزند سی اور اگر دیکھی

مِنَ الْبَشَرِ أَحَدًا فَقُولِي إِنِّي نَذَرْتُ لِلرَّحْمَٰنِ صَوْمًا

آدمیون سی کسی کو پس کہیو بدرستیکہ نذر کی مینی واسطی خدا کی خاموشی کو

فَلَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ إِنْسِيًّا ۝ فَأَتَتْ بِهِ قَوْمَهَا تَحْمِلُهُ ۖ

پس نہ سخن کرونگی مین آج کی دن کسی آدمی سی پس لائی مریم عیسی کو نزدیک قوم اپنی کی حالانکہ لیے ہی فرزند کو

قَالُوا يَا مَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا ۝ يَا أُخْتَ هَارُونَ

کہا قوم نی ای مریم ہرآئینہ لائی تو چیز عجیب کو ای بہن ہارون کی

مَا كَانَ أَبُوكِ امْرَأَ سَوْءٍ وَمَا كَانَتْ أُمُّكِ بَغِيًّا ۝

نہ تھا مرد بدکار باپ تیرا اور نہ تھی ماں تیری زناکار

فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ ۖ قَالُوا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي

پس اشارہ کیا مریم نی طرف عیسی کی کہا قوم نی کیونکر کلام کرین ہم اوس شخص سی کہ ہو بیچ

الْمَهْدِ صَبِيًّا ۝ قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللّٰهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِي

گہوارہ کی رہ حالت کروڑ کی کہا عیسی نے بیشک مین بندہ ہون خدا کا دیا ہی مجھکو کتاب انجیل کو اور کیا ہی مجھی

نَبِيًّا ۝ وَجَعَلَنِي مُبَارَكًا أَيْنَ مَا كُنْتُ وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ

نبی اور کیا ہی مجھی مبارک جس جگہ ہوں مین اور وصیت کی مجھی ساتھ نماز کی

وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۝ وَبَرًّا بِوَالِدَتِي

اور زکوۃ فطر کی جب تک کہ رہون مین زندہ اور کیا مجھی نیک سلوک والا والدہ اپنی کی

وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا شَقِيًّا ۝ وَالسَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُ

اور نہین کیا مجھی سرکش اور بدبخت اور سلام خدا کا ہی اوپر میری اوس دن کہ پیدا کیا گیا مین

وَيَوْمَ أَمُوتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ حَيًّا ۝ ذٰلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ

اور اوس روز کہ مرونگا مین اور اوس روز کہ برانگیختہ ہونگا مین زندہ یہہ کہا کہ عیسی بیٹا مریم کا ہی

قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُونَ ۝ مَا كَانَ لِلّٰهِ أَنْ يَتَّخِذَ

کہتا ہون مین سخن راست حق عیسی مین ایسا کہ بیچ اوسکی شک کرتی ہین لوگ نہین سزاوار ہی واسطی اللہ کی کہ پکڑی

مِنْ وَلَدٍ سُبْحَانَهُ إِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ

کوئی فرزند پاک ہی وہ خدا فرزند لینی سی جس وقت کہ حکم کرتا ہی کسی امر کو پس سوا اسکی نہین ہی کہ کہتا ہی واسطی اسکی

كُنْ فَيَكُونُ ۝ وَإِنَّ اللّٰهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هٰذَا

ہو پس ہو جاتا ہی اور بیشک خدا رب میرا ہی اور رب تمہارا ہی پس عبادت کرو تم اوسکی یہی

صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ

راہ استوار پس اختلاف کیا فرقہای نصاری نی باہم دیگر پس عذاب ہی

لِلَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ مَشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ

واسطی اون لوگون کی کہ کافر ہوی وقت حاضر ہونی قیامت کی سنا کرو اونکو اور دیکھا

يَوْمَ يَأْتُونَنَا لٰكِنِ الظَّالِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝

اوس روز کو کہ آوینگی نزدیک ہمارے لیکن ستمگاران آج کی دن بیچ گمراہی ظاہر کی ہین

وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي

اور ڈرا تو اونکو روز حسرت سی جس وقت کہ تمام ہوا حکم درحالیکہ وہ بیچ

غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ

غفلت کی ہین اور درحالیکہ وہ ایمان نہین لاتی بدرستیکہ ہم مالک ہونگی زمین کو

ع وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ۝

اور اوس چیز کا کہ اوپر اوسکی ہی اور طرف ہماری سب رجوع کیجاینگی

قوله فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا قاضی ناصر الدین بیضاوی نی اپنی تفسیر مین اس احتمال قبیح کو ذکر کیا ہی کہ تمثل روح بصورت بشر اسواسطی تہا کہ تا شہوت مریم دیکھنی اوسکی سی ہیجان مین آوی اور نطفہ بیچ رحم اوسکی کی گرے اور ہرگاہ کہ یہہ بہتان عظیم ہی مادر انبیا پر لہذا زمخشری اور رازی کوئی ان مین سی بذکر اس احتمال کی راضی نہین ہوا لظاہرا قاضی کو راضی بذکر اس احتمال کا ہوا ہی اور انبیا کو مانند مادر اپنی کی تصور کیا ہی نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ التَّصَوُّرَاتِ الْبَاطِلَةِ وَالْكَلِمَاتِ الْوَاهِيَةِ اور معنی اس آیت کی یہہ مین کہ جبریل متمثل ہوی بصورت آدمی کی تا مریم اوس سی نفرت نکرین اور سننی کلام اونکی مین مشغول رہ

ہون اسواسطی کہ اگر بصورت ملائکہ آتی تو متنفر ہوتین اور مجال استماع کلام کی تہین
قولہ تعالیٰ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا بعضون نی کہا ہی کہ تقی نام ایک بدکار شریر کا تہا
کہ اوس زمانہ مین موجود تہا اور مریم نی حال اوسکا سنا تہا گمان کیا کہ یہہ مکر
اوسکا ہی بنابر اسکی کلمہ اِنِّي اَعُوذُ بِالرَّحْمٰنِ زبان پر لائین اور ہرگاہ روح الامین
نی اضطراب مریم مشاہدہ کیا کہا جبرئیل نی اِنَّمَا اَنَا رَسُولُ رَبِّكِ
قولہ تعالیٰ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی
روایت ہی کہ بعد از گفتگوی بسیار جبرئیل نی گریبان مریم کا لیا اور ایک ہوا
درمیان گریبان اونکی کی پہونکی اوسی ساعت مریم حاملہ ہوئین اور فرزند رحم
اونکی مین تمام خلقت کو پہنچا جسطرح سی اور لڑکی رحم مادر مین نہہ ماہ مین کمال
خلقت پہنچتی ہین اور مریم واسطی غسل کی گئین تہین ہرگاہ مراجعت کی حاملہ
تہین اس حال کو اونکی دیکہکر خالہ مریم کی اونسی آزردہ خاطر ہوئی اس حدیث سی
معلوم ہوتا ہی کہ زمانہ حمل اور وضع کا ایک ساعت تہا اور حضرت صادق علیہ
السلام سی مروی ہی کہ زمانہ حمل اور وضع نو ساعت ہی جسطرح سی کہ علی ابن ابراہیم
نی روایت کی ہی کہ تہا حمل اونکا نو ساعت حقتعالی نی گردانا نو مہینونکو نو ساعت
اور بعضی احادیث سی ثابت ہوتا ہی کہ ایام وضع اور حمل چہہ مہینی تہا واللہ اعلم
بحقیقۃ الحال پس باہر گئین مریم بسبب اوسی حمل کی موضع بعید مین تہذیب
الاحکام مین حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سی روایت ہی کہ مریم
دمشق سی روانہ ہوئین تا اینکہ داخل ہوئین کربلا مین پس وضع حمل ہوا اوس موضع

تہر حسین مین بعد اوسکی اوسی شب مراجعت اپنی مکان کی طرف کی قولہ تعالیٰ قَدْ جَعَلَ
رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا یعنی تحقیق کردانا رب تیری نی زیر قدم تیری ایک
نہر پانی کی واسطی پانی پینی اور طہارت کرنیکی اور کتاب مجمع الجوامع مین لکہا ہی کہ
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سی سوال سَرِيًّا سی کیا پس کہا کہ وہ نہری آب ہی یعنی
تحقیق گردانا رب تیری نی زیر قدم نہر کو کہ تا پیتی تو اوس سی اور طہارت
کری اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی مروی ہی کہ حضرت عیسی علیہ السلام
نی قدم اپنا زمین پر مارا اور وہان ایک چشمۂ آب پیدا ہوا اور بعضون نی کہا
ہی کہ سریا مشتق سری سی ہی یعنی سید اور سردار کی اور معنی آیہ کی یہہ ہین تحقیق
پیدا کیا پروردگار تیری نی نیچی تیری فرزند سید اور بزرگ کو کہ وہ عیسی علیہ السلام
ہین قولہ تعالیٰ يَا اُخْتَ هٰرُونَ مفسرین نی اختلاف کیا ہی باب مین ہارون کی
بعضی کہتی ہین بنی اسرائیل مین ایک شخص ہارون نامی ایسا صالح تہا کہ صلاحیت مین
مثل ہارتی تہی اور لوگ ہر کا نام فرزندون اپنی کا ہارون رکہتی تہی چنانچہ منقول
ہی کہ جس روز ہارون فوت ہوا ہمراہ جنازہ اوسکی چالیس ہزار آدمی بنام
ہارون موجود تہی اور مراد اخت ہارون سی تشبیہ اوس ہارون سی نہ خواہر
واقعی اور تفسیر علی بن ابراہیم مین خلاف اسکی واقع ہی اسواسطی کہ اوس مین
مرقوم ہی کہ اوس زمانہ مین ہارون نام ایک شخص تہا کہ نہایت فسق و فجور
عمل مین لاتا تہا پس حضرت مریم کو فسق و فجور مین مشابہت اوسکی دیتی تہی اور
تفسیر کبیر مین فخر رازی نی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت ہی کہ مراد اخت ہارون سی

ہارون نبی ہین کہ برادر موسی ہی اور مریم تھین نسل ہارون سی او ر منقول ہی
درمیان ہارون برادر موسی کی اور درمیان مریم کی فاصلہ ہزار سال کا واقع
ہوا قولہ تعالی وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مراد زکوة سی زکوة فطر ہی کسواسطی
زکوة مال محتاج پر واجب نہین ہی ذی مقدور پر ہی اور زکوة فطر سب پر واجب
ہی چنانچہ علی بن ابراہیم نی حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ زکوة
سب پر نہین ہی کسواسطی کہ ہر ایک شخص کی پاس مال نہین ہی مگر زکوة فطر
ہر ایک فقیر اور غنی اور چہوٹی اور بڑی پر ہی قولہ تعالی اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ وَهُمْ فِيْ
غَفْلَةٍ یعنی روز حسرت وہ روز ہی کہ فارغ ہوئی ہون حساب سی
اور حکم صادر ہوا ہو کہ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي النَّارِ یعنی ایک
فریق جنت مین ہون اور ایک فریق جہنم مین

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝

اور یاد کر ای محمد بیچ قران کی قصہ ابراہیم کو بدرستیکہ تھی وہ راست گو نبی

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ

وقتیکہ کہا واسطی پدر اپنی کی ای پدر میری کسواسطی عبادت کرتا ہی تو اوسکی جو نہ سنی

وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ۝ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ

اور نہ دیکھتا ہی اور نہین بی نیاز کرتا تجھی کسی چیز سی ای پدر میری بدرستیکہ آیا ہی مجھی

مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْۤ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ۝

دانائی سی وہ چیز کہ نہین آیا تجھی پس پیروی کر میری تا دکھلاؤن تجھی راہ راست

يٰۤاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ۝

ای پدر میری نہ عبادت کر شیطان کی بدرستیکہ شیطان ہی واسطی رحمن کی نافرمان

يٰۤاَبَتِ اِنِّيْۤ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ

ای پدر میری بدرستیکہ ڈرتا ہون مین یہ کہ پہنچی تجھی عذاب جانب رحمن سی

فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ۝ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ

پس ہو تو واسطی شیطان کی دوست کہا پدر نی آیا مونہ پہیرنیوالا ہی تو

عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ

خداؤن ہماری سی ای ابراہیم اگر نہ باز رہیگا تو ہر آینہ سنگسار کرونگا مین تجھی اور دور کر تو مجھ

مَلِيًّا ۝ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ۭ

زمانہ دراز کہا ابراہیم نی سلام وداع ہی اوپر تیری قریب ہی کہ طلب مغفرت کرون مین واسطی تیری پروردگار اپنی سی

اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ۝ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ

بدرستیکہ ہی پروردگار میرا ساتھ میری مہربان اور کنارہ کرتا ہون مین تمسی اور اوس چیز سی کہ عبادت کرتی ہو تم

دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ڮ عَسٰۤى اَلَّاۤ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ

غیر خدا سی اور عبادت کرتا ہون مین رب اپنی کی قریب ہی یہ کہ ہوؤن مین ساتھ دعا

رَبِّيْ شَقِيًّا ۝ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

رب اپنی کی بی بہرہ پس جس وقت کہ جدا ہوئی ابراہیم اونسی اور جسکی عبادت کرتی تھی سوای

اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ۝

خدا سی دیا ہمنی واسطی اوسکی اسحاق کو اور یعقوب کو اور گردانا ہمنی ہر ایک کو نبی

ع

ووهبنا لهم من رحمتنا وجعلنا لهم لسان صدق عليا ○

اور دی ہمنی ونہلی اونکی رحمت اپنی سی ایکیان اور کروا ہمنی ونہلی اونکی زبان راست نیک اونچی

واذكر في الكتاب موسى انه كان مخلصا وكان

اور یاد کر بیچ قرآن کی قصہ موسی کو بیشک وہ تھا پاک عیب سی اور تھا

رسولا نبيا ○ وناديناه من جانب الطور الايمن

بہیجا ہوا اور خبر دینی والا اور ندا کی ہمنی موسی کو طرف طور کی کہ وہ جانب راست کی تہا

وقربناه نجيا ○ ووهبنا له من رحمتنا اخاه هارون

اور نزدیک کیا ہمنی ازروی راز کہنی کی اور دیا ہمنی ونہلی اوسکی رحمت اپنی سی بہائی اوسکا ہارون

نبيا ○ واذكر في الكتاب اسمعيل انه كان صادق

نبی کو اور یاد کر بیچ قرآن کی قصہ اسمعیل کو بیشک وہ تہی راست

الوعد وكان رسولا نبيا ○ وكان يامر اهله

وعدہ اور تہی رسول اور نبی اور تہی وہ کہ امر کرتی تہی اہل اپنی کو

بالصلوة والزكوة وكان عند ربه مرضيا ○

ساتہہ نماز کی اور دینی زکوۃ کی اور تہا نزدیک رب اپنی کی پسندیدہ

واذكر في الكتاب ادريس انه كان صديقا نبيا ○

اور یاد کر بیچ قرآن کی قصہ ادریس کو بیشک وہ تہی راستگو نبی

ورفعناه مكانا عليا ○ اولئك الذين انعم الله عليهم

اور بلند کیا ہمنی اوسکو مکان بلند میں یہہ گروہ وہ لوگ ہین کہ انعام کیا اللہ نی اونپر

من النبيين من ذرية ادم وممن حملنا مع نوح

نبیون میں فرزندان آدم سی اور ذریت اوس شخص سی کہ اوٹہایا ہمنی ساتھ نوح کی

ومن ذرية ابراهيم واسراءيل وممن هدينا

اور فرزندان ابراہیم اور اسرائیل اور ذریت اون لوگون سی کہ ہدایت کی ہمنی

واجتبينا اذا تتلى عليهم ايات الرحمن خروا سجدا

اور برگزیدہ کیا ہمنی جسوقت کہ تلاوت کیجاتی ہی اوپر اونکی آیات خدا کی گرتی ہین سجدہ

وبكيا ○ فخلف من بعدهم خلف اضاعوا

اور روتی ہوی پس آئی بعد اونکی فرزند بد کہ ضایع کی اونہون نی

الصلوة واتبعوا الشهوات فسوف يلقون غيا ○ الا من تاب

نماز کو اور پیروی کی اونہون نی خواہش کی پس شتاب ملاقات کرینگی گمراہی کو مگر وہ جو توبہ کی

وامن وعمل صالحا فاولئك يدخلون الجنة ولا

اور ایمان لایا اور عمل کیی نیک پس یہہ گروہ داخل ہونگی جنت میں اور نہین

يظلمون شيئا ○ جنات عدن التي وعد الرحمن عباده بالغيب

ظلم کیی جاتی ہین کسی چیز میں ایسی جنت کہ جنات دائمی ہین ایسا کہ وعدہ کیا خدانی بندون اپنی کو غائب

انه كان وعده ماتيا ○ لا يسمعون فيها لغوا

بیشک شان یہہ کہ ہی وعدہ اوسکا لازم آیا ہوا نہین سنتی ہین بیچ اوسکی لغو کو

الا سلاما ولهم رزقهم فيها بكرة وعشيا ○

مگر سلام کو اور واسطی اونکی روزی اونکی بیچ اوسی جنات کی صبح اور شام

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ○

یہہ وہ جنت ہی کہ وارث بناوینگی ہم بندگان اپنی سی جو شخص کہ ہو پرہیزگار

وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا

اور نہین نازل کرتی ہم فرشتگان مگر ساتہہ حکم رب اپنی کی واسطی اوسکی ہی جو کچہہ کہ آگی ہمارے ہی اور جو کچہہ پیچہی ہی

وَمَا بَيْنَ ذَٰلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ○ رَبُّ السَّمَاوَاتِ

اور جو کچہہ درمیان اسکی ہی اور نہین ہی پروردگار تیرا بہولنیوالا وہی پروردگار آسمان

وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ

اور زمین ہی اور اوس چیز کا کہ درمیان ان دونو کی ہی پس عبادت کر تو اوسکی [illegible]

هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ○ ع

آیا جانتا ہی واسطی اوس کی ہم نام

قولہ وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا علی بن ابراہیم نی روایت کی ہی کہ

مراد من رحمتنا سی پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ ہین کہ وہ رحمۃ للعالمین

ہین اور لسان صدق علیا سی وصی اونکی علی مرتضی علیہ السلام مراد ہین یعنی

معنی کہ بخشا ہمنی ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کو بعضی رحمت اپنی سی

کہ وہ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین اور انحضرت کو اولاد امجاد اونکی سی

گردانا ہمنی اور گردانا ہمنی واسطی انکی لسان صدق کہ وہ علی مرتضی ہین بنا بر

اس تاویل کی نام نامی اور اسم سامی جناب امیرالمومنین کا بعینہ قرآن مین مذکور

ہوا ہی پس صدر تین لفظ علیا بدل لسان صدق ہی قولہ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ

مفسرین کہتی ہین کہ اسمعیل علیہ السلام فرزند ابراہیم علیہ السلام نہین ہین اور علل الشرایع مین

امام جعفر صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ وہ اسمعیل نہین ہین بلکہ یہہ

پیغمبر ایک ہین پیغمبران خدا کی سی کہ مبعوث ہوئی تہی اوپر ایک قوم کی اونہون

نی اوس جناب کی مونہہ کو چمڑی کیا اور بال اوکہاڑ ڈالا اور بہت رنج دیا خدا

نی ایک فرشتہ کو اونکی تابع کیا کہ جو وہ چاہین سو وہ کری اوس جناب نی کہا

کہ مین پیروی امام حسین علیہ السلام کی چاہتا ہون کہ عذاب دنیا مین نہو اس

قوم پر جسطرح کہ امام علیہ السلام عذاب اپنی قاتلونکا قیامت پر موقوف رکہینگی

اور وہ اسمعیل اپنی باپ ابراہیم علیہ السلام کی آگی وفات کر چکی تہی اور صادق

الوعدہ اسواسطی مشہور ہوئی کہ ایک شخص سی وعدہ کیا کہ جب تک تو نہ آویگا مین

اس مکان سی نجاونگا وہ شخص وعدہ بہول گیا اور رہیہ حضرت ایکسال تک انتظار

مین اوسکی وہین بی بعد اسکی وہ شخص آیا کہا ایک سال سی تیرا منتظر ہون قولہ

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ علی بن ابراہیم نی صادق علیہ السلام سی روایت

کی ہی کہ خدا تعالی نی ایک فرشتہ پر غضب کیا بال اور پر اوسکی جہڑ گئی

اور ایک جزیرہ دریا مین پڑا تہا تا وقتیکہ ادریس علیہ السلام مبعوث ہوئی تو وہ

فرشتہ ادریس کی پاس آیا اور التماس دعا کی اون حضرت نی دعا کی کہ خدای

تعالی نی بدستور رتبہ اوسکا اوسکو عطا کیا وہ فرشتہ اوس احسان کی عوض مین

آیا اور ادریس سی کہا کہ جو کچہہ حاجت تمہاری ہو سو مین بجا لاؤن اونحضرت

نی کہا کہ مجکو آسمان پر لی چلو کہ مین ملک الموت کو دیکہون کہ اوسکی یاد سی عیش مجکو

تا گوار ہوتا ہی اوسنی اپنی پر پر اوٹہا لیا اور آسمان چہارم پر پہنچا دیا ملک الموت

کو دیکہا اور اوسنی سر اپنا جہکا لیا ادریسؑ نی سلام کیا اور کہا کہ سر جہکانیکا کیا

سبب ہی کہا کہ خدا کا حکم تہا کہ روح ادریس کو درمیان آسمان چہارم اور پنجم

کی قبض کر میں سخت تعجب میں تہا کہ تم زمین پر تہی اور درمیان زمین اور آسمان

کی بہت فاصلہ ہی اور گندگی اور موٹائی ہر آسمان کی بقدر پانسی برس کی راہ

کی ہی کیونکر میں قبض روح کرتا پس اتفاقا اس مقام پر پہنچا اوسی مکان پر قبض روح کے

اور اور روایات میں بہی آیا ہی کہ ملک الموت اونکو بہشت میں لی گئی اور وہ

وہین رہ گئی کسو واسطی کہ بہشت سی کوئی نکلتا نہین ہی مگر بعد قبض روح کی ان کی اصل بہشت

کی ہوئی تہی قصہ بہت طول ہی اسو اسطی نہین لکہا تکملہ زبر و بینات کی شرح

قولہ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا گیارہ حرف ہین زبر اوسکی چارسی چہالیس ہوتی

ہین نکلی اون سی یہہ عبارت یعنی یہہ عَلِيًّا وَصِيُّ الْأَحْمَدِ اور بینات اوسکی

پانسی چہانوی ہوتی ہین نکلی اون سی یہہ عبارت هُوَ عَلِيٌّ وَصِيُّ الْمُصْطَفٰی قولہ

مِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ تیرہ حرف ہین زبر اوسکی چارسی اٹہالیس ہوتی ہین نکلی

اون سی یہہ عبارت وَهُوَ لَا يُحْمَلُوْنَ عَلٰى وَسُنُوْ قولہ وَمِنْ

ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ تیرہ حرف ہین زبر اوسکی ایکہزار چہ سی چوسٹہ

ہوتی ہین نکلی اون سی یہہ عبارت النَّبِيُّ وَعَلِيٌّ وَعِتْرَتُهُمَا الْمَعْصُوْمُ

وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ۝

اور کہتا ہی آدمی آیا جسوقت کہ مر وںنگا میں ہر آئینہ زندہ کرکی نکالا جاؤنگا میں زندہ

اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ۝

نہین یاد کرتا آدمی یہہ کہ پیدا کیا ہمنی اوسکو آگی اسکی سی اور نہتا وہ کچہہ چیز

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ

پس قسم ہی پروردگار تیری کی البتہ جمع کرینگی ہم اونکو ساتہہ شیاطین کی بعد احاضر کرینگی ہم اونکو

حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ۝ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ

گرد دوزخ میں درحالیکہ وہ بزانو درآئی ہونگی بعد اسکی باہر لاوینگی ہم ہر گروہ سی ہر ایک اونکی

اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ۝ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ

کہ سخت تہی اوپر رحمن کی از روی سرکشی کی پس البتہ ہم دانا تر ہین ساتہہ اون لوگون کی

اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ۝ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ

اولی ہین ساتہہ دوزخ کی داخل ہونی مین اور نہین ہی تم مین سی مگر وارد ہونیوالا اوس دوزخ کا ہی تو اوپر

عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ۝ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ

اوپر رب تیری کی واجب ہی کہ مقدر کیا گیا بعد اسکی نجات دینگی ہم اون لوگونکو کہ پرہیز کیا اور چہوڑینگی

الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

ظالمونکو بیچ اوسکی درحالیکہ زانو درآئی ہین اور جسوقت کہ تلاوت کیجاتی ہی اوپر اونکی آیات ہماری

بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَيُّ

کہ روشن ہین کہا اون لوگون نی کہ کافر ہوئی ہین واسطی اون لوگون کی ایمان لائی ہین کون دونون

الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا

فرقونسی بہتر ہی از روی درجہ کی اور بہتر ہی از روی قوت کی اور بہت ہلاک کیا ہم نی

فمالهم من قرن هم احسن اثاثا و رءيا ○ قل

پہلے اونکے اہل بہت سے کہ وہ بہتر تھے ازروے مال کے اور جمال کے

من كان في الضلالة فليمدد له الرحمن مدا

جو شخص کہ ہے بیچ گمراہی کے پس چاہیے مدد کرے اوسکو خدا ساتھ طول عمر کے

حتى اذا راوا ما يوعدون اما العذاب واما الساعة

تا اینکہ جب کہ دیکھیں گے اوس چیز کو کہ وعدہ کیا گیا ہے یا عذاب دنیا ہے اور یا عذاب قیامت ہے

فسيعلمون من هو شر مكانا واضعف جندا ○

پس قریب ہے کہ دیکھیں گے وہ کون ہے بد ازروے مکان کے اور ضعیف ہے ازروے لشکر کے

ويزيد الله الذين اهتدوا هدى والباقيات الصالحات

اور زیادہ کرتا ہے خدا اون لوگوں کی جنھوں کہ ہدایت پائی رہنمونی کی ہدایت کو اور باقیات صالحات

خير عند ربك ثوابا وخير مردا ○ افرايت

بہتر ہیں نزدیک رب تیرے کے ازروے ثواب کے اور بہتر ہیں ازروے بازگشت کے آیا پس کیا دیکھا تو نے

الذي كفر باياتنا وقال لاوتين مالا وولدا ○

اوس شخص کو کہ کافر ہوا ساتھ آیات ہماری کے اور کہا البتہ دیا جاؤنگا میں مال اور فرزند کو

اطلع الغيب ام اتخذ عند الرحمن عهدا ○ كلا

آیا مطلع ہوا ہے غیب کو یا لیا ہے نزدیک خدا سے کوئی عہد نہیں ہے ایسا کہ کہتا ہے

سنكتب ما يقول ونمد له من العذاب مدا ○ ونرثه

قریب ہے کہ لکھیں گے ہم اوس چیز کو کہ کہتا ہے اور طول کرینگے واسطے اوسکے عذاب سے

ما يقول وياتينا فردا ○ واتخذوا من دون الله الهة ليكونوا

بسبب اوس چیز کی کہ کہتا ہے وہ اور آویگا نزدیک ہمارے تنہا

لهم عزا ○ كلا سيكفرون بعبادتهم ويكونون عليهم ضدا ○

واسطے اونکے سبب عزت کے ایسا نہیں ہے قریب ہے کہ انکار کرینگے وہ ساتھ عبادت اونکی کے اور ہونگے وہ اونپر دشمن

وان منكم الا واردها یعنی نہیں ہے تم میں سے کوئی کہ وارد ہونیوالا

اوسی دوزخ کا ہر گاہ کہ لفظ وارد ہا عام ہے کہ مومنین اور کافرین سبکو شامل ہے

لہذا مفسرین نے اختلاف کیا ہے معنی ورود میں یا معنی ورود کی مشرف

ہونے کے ہوتی ہیں تا کہ لازم نہ آوے دخول جہنم کا مومنین کو اور یا بمعنی دخول

کے ہیں اور حضرت دونو معنوں کے وارد ہیں لیکن بمعنی اول مویدہ روایات اور علی بن ابراہیم نے حضرت

صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ اونحضرت نے معنی اس آیہ کے میں فرمایا ہے کہ

آیا نہیں سنا تو نے کہ انسان کہتا ہے کہ وردنا ماء بنی فلان فهو الورود ولم

یدخله یعنی وارد ہوئے ہم آب بنی فلان پر حالانکہ داخل نہیں ہوا اور لیکن معنی ثانی

وہ حدیث ہے کہ مجمع البیان میں ابی سمیہ سے نقل کی ہے کہ اوسنے کہا کہ اختلاف

کیا معنی باہمدیگر معنی ورود میں بعضے دخول کے کہتے ہیں اور بعضے مشرف ہونے کے

کہتے ہیں تا اینکہ ابو سمیہ نے جابر بن عبد اللہ انصاری سے سوال کیا حقیقت

اس ورود سے جابر نے اشارہ جانب گوش اپنے کے کیا اور کہا کہ دونو کان میرے

بہرے ہو جاویں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ سے سنا ہو کہ ورود اس آیہ میں بمعنی دخول

ہوں اور کوئی نیکو کار اور بدکار نہ رہیگا مگر یہہ کہ داخل دوزخ ہوگا اور دوزخ

ہو نہیں پر برد و سلاما ہو گئی چنانچہ ابراہیم خلیل ہوئی تہی بنابر اختلاف روایات
آتش جہنم فریاد کریگی کثرت برودت اپنی سی چنانچہ جناب [illegible] سی مروی ہی کہ روز
قیامت آتش جہنم مومن سی کہیگی کہ جا اے مومن کہ دیکہ سیری سی کہ نور تیری نی
حرارت میری کو بجہا دیا اور حدیث دیگر مین وارد ہی کہ اہل بہشت باہم یکدیگر سی
کہینگی کہ حق تعالی نی وعدہ داخل ہونی ہماری کا جہنم مین کیا تہا حالانکہ ہم داخل
نہوئی دوسرا جواب مین کہیگا کہ داخل ہوئی تہی تم جہنم مین لیکن بسبب برد و سلامتی
کی معلوم نہوا اور علی بن ابراہیم نی باوجود اسکی کہ حضرت صادق سی روایت معنی ورود
کی معنی اشراف کی کی ہی لیکن اسطرح سی کہا ہی کہ ایک حدیث مین آیا ہی کہ یہہ آیت منسوخ
ہوئی اس آیت سی کہ إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُم مِّنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ
أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِئْيًا حضرت ابی جعفر علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ اسباب اور اموال
اور جمال جسطرح سی دفع کرنیوالا ہلاکت کا فرونکا نہوا اوسی طرح سی کفار قریش کو
منکر ولایت ائمہ معصومین علیہم السلام مین مال اور جمال اور لشکر اونکا وقت زوال
ہونی عذاب کی فائدہ نکریگا قولہ تعالی وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ معنی اسکی
بہت سی ہین ایک یہہ ہی کہ علی بن ابراہیم نی ابی جعفر الباقر علیہ السلام سی روایت
کی ہی کہ خباب بن الارت کا حق اوپر عاص بن وائل کی تہا وہ مسلمانون سی
ہنسی کرتا تہا جب خباب نی اپنا حق اوس سی طلب کیا عاص نی از طریق ہنسی کی
اوس سی کہا کہ آیا تو اوس گروہ سی نہین ہی کہ جو لوگ گمان کرتی ہین کہ بہشت
مین طلا اور نقرہ اور ریشمی کپڑا ہی خباب نی کہا مین اوسی گروہ سی ہون پس

اوسنی کہا وعدہ ہمارا اور تیرا بہشت مین ہی بخدا قسم مجکو بہشت ملیگا اوس سی جو
تیری پاس دنیا مین ہی بیس [illegible] اگر [illegible] اسوقت خدا نی فرمایا أَفَرَأَيْتَ الَّذِي
كَفَرَ [illegible] قولہ کَلَّا سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ قریب ہی کہ مشرکین کہینگی کہ قسم خدا کی ہی
ای پروردگار ہمارے ہم نہی شرک کرنیوالی اور بتون کی عبادت کا انکار کرینگی
أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا
آیا نہین دیکہا تو نی بہ تحقیکہ بہیجا ہمنی شیاطین کو اوپر کافرونکی تاکہ حریص کرین انکو اوپر گناہون کے
فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝ يَوْمَ نَحْشُرُ
پس تعجیل کر تو اوپر [illegible] عذاب کی جز این نیست کہ شمار کرتی ہین ہم [illegible] دن کہ جمع کرینگی ہم
الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمَٰنِ وَفْدًا ۝ وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ
متقیونکو طرف رحمن کی درحالت سواری اور لیجاتی ہین ہم گنہگارونکو طرف جہنم کی
وقف لازم وِرْدًا ۝ لَّا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِندَ
درحالیکہ تشنہ ہونگی مالک نہونگی شفاعت کی مگر وہ شخص کہ لیا ہی نزدیک
وقف لازم الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۝ لَّقَدْ
خدا کی عہد کو کہا مشرکون نی لیا خدا نی فرزند ہر آئینہ
جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ۝ تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ
آئی تم بچیز بد نزدیک ہی کہ شگافتہ ہوجاوین آسمان اس کہنی سی
وَتَنشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝ أَن دَعَوْا لِلرَّحْمَٰنِ
اور شگافتہ ہوجاوی زمین اور گرجاوین کوہ درحالیکہ ریزہ ریزہ ہین اس سی کہ دعوا کیا واسطی خدا کی

وَلَدًا ۝ وَمَا يَنبَغِي لِلرَّحْمَٰنِ أَن يَتَّخِذَ وَلَدًا ۝ إِن كُلُّ
فرزند کا اور نہیں سزاوار ہی واسطی خدا کی یہ کہ لیوی فرزند کو نہین ہی کل
مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمَٰنِ عَبْدًا ۝
وہ چیز کہ بیچ آسمانون کی ہی اور زمین کی ہی مگر آنی والی طرف خدای بخشندہ کی بحال عبودیت
لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۝ وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
ہر آئینہ تحقیق احصا کیا اور شمار کیا شمار کرنا اور ہر ایک آنی والا ہی روز قیامت مین
فَرْدًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ
درحالت تنہائی بدرستیکہ وہ لوگ کہ ایمان لائی ہین اور عمل نیک کیا ہی قریب ہی کہ کریگا
لَهُمُ الرَّحْمَٰنُ وُدًّا ۝ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ
واسطی اونکی خدا محبت کو جز این نیست کہ سہل کیا ہمنی قران کو لغت تیری کی تاکہ بشارت دی ساتھ اوسکی
الْمُتَّقِينَ وَتُنذِرَ بِهِ قَوْمًا لُّدًّا ۝ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم
پرہیزگارونکو اور ڈراوی ساتھ اوسکی قوم گردنکشون کو اور بہت ہلاک کیا ہمنی قبل انکی
مِّن قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُم مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝ ع
زمانہ سی آیا دیکھتا ہی تو اونمین سی کسیکو یا سنتا ہی تو واسطی اونکی ذکر کو
قوله تعالى نعد لهم عدا جز این نیست کہ شمار کرتی ہین ہم واسطی اونکی نفسہا چند کو شمار کرنا
کہ بعد انقضاء اوس انفاس کے ہلاک ہونگی بروایت کلینی حضرت صادق علیہ السلام سی
ہوتا ہی کہ مراد ایام آجال ہی اور مفسران عامہ نی بھی اسیطرح سی لکھا ہی
اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام نی نہج البلاغت مین فرمایا ہی نفس المرء خطاہ الی اجلہ

یعنی آدمی جو دم مارتا ہی گویا قدم نزدیک ہوتا ہی اپنی اجل سی قوله تعالى الی الرحمن وفدا
علی بن ابراہیم نی حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ حضرت امیر علیہ
السلام نی اس آیت کو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ سی سوال کیا آنحضرت
نی فرمایا کہ ای علی وفد نہین ہوتی مگر سواران یہہ وہ لوگ ہین کہ ڈرتی ہین خدا
سی پس دوست رکھتا ہی اور مخصوص کرتا ہی اونکو اور عمل اونکی سی راضی ہی
پس نام رکھا خدا نی متقین اور بعد اوسکی حضرت نی فرمایا ای علی آگاہ ہو قسم ہی اوس
خدا کی کہ دانہ کو شگافتہ کیا ہی اور پیدا کیا مخلوقات کو بدرستیکہ وہی مومنین
نکلین گی قبور اپنی سی درحالیکہ سفید رو ہونگی مثل سفیدی برف کی اور انکی بدن پر
جامہای سفید ہونگی مانند سفیدی شیر کی اور نعلین طلا کی پانو مین ہونگی کہ بند اوسکی
مروارید درخشندہ سی ہونگی جناب امیر نی سوال کیا کہ کون ہین یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ حضرت نی فرمایا کہ ای علی یہہ ہین شیعہ تیری کہ مخلص تیری ہین اور تو امام اونکا ہی اور یہہ
سوال مع روایت دیگر مین بھی وارد ہی قوله تعالى ونسوق المجرمين الى جهنم وردا یعنی کھینچینگی ہم
گنہگارون اور کافرون کو مثل چارپایون کی طرف دوزخ کی اوس حالت مین کہ پیاسی
ہونگی اور مجمع البیان مین لکھا ہی کہ قرائت شاذ مین بہت کم ہے کہ یحشر
المتقون ویساق المجرمون دو نو فعل مجہول ہین یعنی حشر ورزکہ جمع کیے جاوینگی
پرہیزگارین اور چلائی جاوینگی گنہگارین طرف دوزخ کی اور کتاب عیون اخبار الرضا
علیہ السلام سی ظاہر ہوتا ہی کہ یہہ قرائت اہل بیت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہی قوله تعالى
فانما یسرناہ متصل ہی کہ ضمیر اوسکی راجع بطرف لفظ عدا کی ہو کہ مراد اوس سی

دوستی علی ابن ابی طالب و اہل بیت علیہم السلام کی اور بعضون نے کہا ہی کہ ضمیر اسکی طرف قرآن
ہی لیکن معنی اول کہ سوا اوس سے ولایت علی اور ائمہ کی ہی اقرب بصواب
ہین اسواسطے کہ لفظ قرآن صریحا قبل اسکی مذکور نہین ہی حاصل سکا یہ ہوا کہ سوای
اسکی نہین ہی کہ آسان کیا ہمنی تقریر محبت و مودت امیر المومنین اور ائمہ معصومین کی
بسبب اسکی کہ تیری زبان مین ہی اے محمد کو کیا ہمنی آیات ولایت علی کی تا خبر دی گناہگاران شیعیان
کو خوشخبری دی اور بنی تیم اور بنی امیہ کو کہ عداوت اہل بیت نبوت و ولایت رکھتی
ہین بیم اور خوف دلاوی تکملہ در و مبانات رکوع ششم قوله امنوا پانچ حروف مین بیان
اوسکی مین سی تین حرف بیچ مین نکلی اوس سی یہ عبارت اے امنوا العلی ولی اللہ

ایاتہا ۱۳۵ کلماتہا ۱۳۴۱ **سورۃ طٰہٰ مکیۃ** حروفہا ۵۲۴۲ رکوعہا ۸

سورہ طٰہٰ وہ ایک سو پینتیس آیت ہی کہ مین نازل ہوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طٰهٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ع
اے محمد نہین نازل کیا ہمنی اوپر تیری قرآن کو تاکہ تعب مین پڑے تو مگر قرآن پند ہی واسطی اوس شخص کے کہ ڈرتا ہی
تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى
نازل کیا ہوا ہی اوس ذات کی جانب سے کہ خلق کیا زمین اور آسمانون بلند کو وہ رحمن ہی
الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا
عرش کی غالب ہے واسطی اوسکی ہی جو چیز بیچ آسمانون کی اور جو چیز کہ بیچ زمین کی ہی اور جو کچھ

بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ
درمیان انکی ہی اور جو کچھ نیچے زمین کی ہی اور اگر آواز بلند کرے سخن کو پس بدرستیکہ وہ جانتا ہی
السِّرَّ وَاَخْفٰى ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۝ وَهَلْ
پوشیدہ اور زیادہ تر پوشیدہ کو خدا ایسا ہی کہ نہین ہی کوئی معبود مگر وہی واسطی اوسکی اسما نیک ہین اور تحقیق
اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا
پہنچی ہی تجھی حدیث موسی کی جبکہ دیکھا آتش کو پس کہا موسی نے واسطی عیال اپنی کی توقف کرو تم
اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ
بدرستیکہ دیکھا مینی ایک آتش کو تا آنکہ لاؤن مین اوس سی ایک شعلہ آتش کا یا پاؤن مین نزدیک آگ کی
هُدًى ۝ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ۝ اِنِّىْٓ اَنَا رَبُّكَ
راہ گم کردہ کو پس جبکہ آیا نزدیک اوسکی ندا کی گئی اے موسی بدرستیکہ مین ہون رب تیرا
فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝ وَاَنَا
پس دور کر نعلین اپنی کو بدرستیکہ اے موسی تو بیچ میدان پاکیزہ کی کہ طوی نام ہی اور مینی
اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ۝ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا
برگزیدہ کیا تجھی پس سن تو واسطی اوس چیز کی کہ وحی کیا جاتا ہی بدرستیکہ مین خدا ہون کہ نہین ہی کوئی معبود مگر مین
فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ
پس عبادت کر تو میری اور برپا رکھ نماز کو واسطی یاد کرنی میری کی بدرستیکہ قیامت آنیوالی ہی
اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ۝ فَلَا يَصُدَّنَّكَ
چاہتا ہون مین کہ پنہان کرون مین اوسکو تاکہ جزا دیا جاوی ہر نفس ساتھ اوسکی کہ عمل مین لاتا ہی پس نہین پھیری تجھی

